6. ایسے دو مختلف اعداد کے جوڑے بنایئے جن کا مجموعہ 100 حاصل ہو؟

7. علی اور بالا ایک کھیل، کھیل رہے ہیں۔ علی نے 48 پوائنٹس حاصل کئے۔ بالا نے علی سے 29 پوائنٹس زیادہ حاصل کئے۔ تو

a) بالا نے کتنے پوائنٹس حاصل کئے؟

b) علی اور بالا دونوں نے مل کر کتنے پوائنٹس حاصل کئے؟

8. راموا ایک کھلونوں کی دکان پر گیا اور اس نے ₹120 کا کھلونا، ₹45 کی گیند اور ₹85 کی کتاب خریدی تو اس نے جملہ کتنی رقم خرچ کی؟

باب 3

عمل تفریق
(Subtractions)

B1Q4D9

طلباء اس قابل ہوں گے

1. تین ہندسی عدد سے 3 ہندسی عدد کو تفریق کرنا سیکھیں گے۔(CG-1)
2. روز مرّہ زندگی کے مختلف مواقعوں میں لفظی مسائل حل کریں گے۔(CG-1)
3. اندازہ لگاتے ہوئے تفریق کریں گے۔(CG-1)



چرن اور نلنی اپنے دادی ماں کو بہت چاہتے ہیں۔ دادی ماں ان کی بہترین دوست ہیں۔ وہ ان کی کہانیاں سننا پسند کرتے ہیں۔

ایک دن دادی ماں انہیں ایک "جادوئی کرتب" دکھایا۔ میز پر 20 گولیاں تھیں۔ "تم اپنے ہاتھ میں کچھ گولیاں چھپالو میں بتاؤں گی کہ تم نے کتنی گولیاں چھپائی ہیں۔"

ٹیچر نوٹ: بچوں کے ساتھ اس ترکیب (ٹرِک) پر تبادلہ خیال کریں۔ تفریق کے عمل کو سمجھنے میں ان کی مدد کریں۔

کُل گولیاں	میز پر موجود گولیاں	چھپے ہوئے گولیاں
20	12	
20	10	
20	8	
22	12	
25	14	
29	17	

مریمّا ایک کیلے فروش تھی اور دادی ماں کے گھر کے پاس رہتی تھی۔
ایک دن نلنی اور چرن مریمّا کے گھر گئے۔
مریمّا کیلے کی ٹوکری لے کر بازار جا رہی تھی۔
ٹوکری میں 156 کیلے تھے۔ اس نے انہیں 2 کیلے دے دیے۔

مریمّا کے پاس کتنے کیلے باقی رہ گئے؟

ٹوکری میں کل کیلے = 156
مریمّا کے پاس باقی کیلے = − 2

154

یہ کیجیے درج ذیل کو حل کیجیے۔

a)

س	د	ا
2	3	6
−		5

b)

س	د	ا
3	2	7
−		4

c)

س	د	ا
4	7	8
−		7

d)

س	د	ا
5	6	9
−		6

3۔ ہندسی عدد میں سے 3۔ ہندسی عدد تفریق کرنا

دانیا گاؤں میں سائیکل کے ذریعے ہاتھ کے پنکھے فروخت کرتا ہے۔ دانیا کے پاس 113 کھجور کے پتوں سے بنے پنکھے ہیں۔ راستے میں شرما نے پوجا کی تقریب میں تقسیم کرنے کے لیے 116 کھجور کے پتّوں سے بنے پنکھے خریدنے کے لیے دانیّا کو روکا۔
اسے کتنے پنکھے مزید درکار ہیں؟

AP SCERT

مقدار		س	د	ا
درکار کھجور کے پتّوں سے بنے پنکھوں کی تعداد	=	1	1	6
کھجور کے پتّوں سے بنے موجودہ پنکھوں کی تعداد	=	- 1	1	3
مزید درکار پنکھوں کی تعداد	=			

مرحلہ-1 اکائی کے مقام کی تفریق

a) 6 اکائیوں میں سے 3 اکائیوں کو تفریق کیجیے

b) 3 اکائیاں -6 اکائیاں = 3 اکائیاں

c) اکائی کے مقام پر جواب 3 لکھے

س	د	ا
1	1	6
- 1	1	3
		3

مرحلہ-2 دہائی کے مقام کی تفریق

a) 1 میں سے 1 تفریق کیجیے

b) 1 دہائی - 1 دہائی = 0 دہائی

c) جواب '0 'کو دہائی کے مقام پر لکھے

س	د	ا
1	1	6
- 1	1	3
	0	3

مرحلہ-3 سینکڑہ کے مقام کی تفریق

a) 1 سو میں سے 1 سو کو تفریق کیجیے

b) 1 اسینکڑہ - 1 سینکڑہ = 0 سینکڑہ

c) سینکڑے کے مقام پر جواب '0' لکھے

س	د	ا
1	1	6
-1	1	3
0	0	3

مزید درکار پنکھوں کی تعداد = 3 اگر دانیا کے پاس مزید 3 پنکھے ہوں تو شُما کی ضرورت پوری کر سکتا ہے۔

مثال -

اگر دانیا کے پاس صرف 113 کھجور کے پتّوں سے بنے پنکھے موجود ہوں اور شما کو 226 کھجور کے پتوں سے بنے پنکھوں کی ضرورت ہو تو بتایئے کہ مزید کتنے پنکھوں کی ضرورت ہوتی ہے؟

مقدار		س	د	ا
درکار پنکھوں کی تعداد	=	2	2	6
موجودہ پنکھوں کی تعداد	=	-1	1	3
مزید درکار پنکھوں کی تعداد	=			

APSCERT

یہ کیجیے

1. ایک شرٹ کی قیمت **885** روپے ہے۔ عید کے موقع پر **35**روپے کی کٹوتی ملتی ہے۔ تو بتایئے کہ کٹوتی کے بعد شرٹ کی قیمت کیا ہوگی؟

		ا	د	س
شرٹ کی قیمت	=			
کٹوتی	=			
شرٹ کی موجودہ قیمت	=			

2. رمیا اپنے لیے ₹750 ایک نیا لباس خریدنا چاہتی ہے۔ لیکن اس نے اپنے Piggy Bank میں صرف ₹550 جمع کئے ہیں۔ اسے مزید کتنے پیسوں کی ضرورت ہے؟

مشق-1

1. درج ذیل کو حل کیجئے۔

a) 3 5 6 (-) 4	b) 4 7 8 (-) 2	c) 5 8 3 (-) 2	d) 8 7 6 (-) 4 2 3
e) 7 4 5 (-) 1 3 2	f) 2 6 7 (-) 1 3 3	g) 4 7 8 (-) 1 1 4	h) 6 7 9 (-) 4 3 1

2. ذیل کے سوالات کے جواب دیجیے۔

(a) 300 اور 200 کے درمیان فرق کیا ہوگا؟

(b) 175 میں سے 125 تفریق کرنے پر کیا حاصل ہوگا؟

3. ₹425 کو ₹679 بنانے کے لیے مزید کتنے روپیوں کی ضرورت ہے؟

4. ایک مدرسے میں 385 طلبہ ہیں۔ دوپہر کے کھانے کی ایجنسی کے پاس 142 انڈے موجود ہیں۔ بتایئے کہ ہر طالب علم کو ایک انڈا تقسیم کرنے کے لیے مزید کتنے انڈوں کی ضرورت ہوگی؟

5. سونو کے پاس ₹50 تھے وہ ایک نوٹ بک خریدنے کے لئے دکان گیا۔ جس کی قیمت ₹75 تھی۔ نوٹ بک خریدنے کے لئے مزید کتنے روپیئے چاہئے؟ [ ]

(a) ₹15 (b) ₹20 (c) ₹25 (d) ₹125

APSCERT

3-ہندسی عدد میں سے 2-ہندسی عدد تفریق کرنا-(ری گروپنگ کے ذریعہ)

اب دانیا کے پاس ₹337 موجود ہیں۔ اس نے ہوٹل میں ایک مصالحہ دوسہ کھایا اور ₹48 ادا کیے۔ اس کے پاس کتنی رقم باقی رہے گی؟

دانیا کے پاس موجود جملہ رقم	=	₹3 3 7
دوسہ کے لیے ادا کی گئی رقم	=	₹- 4 8
بچت رقم	=	₹

مرحلہ-1: اکائی کے مقام کی تفریق

1. چونکہ 8، 7 سے بڑا ہے لہٰذا تفریق ممکن نہیں ہے۔
2. دہائی کے مقام کے 3 دہائیوں سے '1' دہائی بدل لیں۔
3. دہائی کے مقام کا '1' دہائی اکائی کے مقام کے 10 اکائیوں میں تبدیل ہوتا ہے۔ اب 7 + 10 = 17 اکائیاں
   اسی طرح اکائی کے مقام پر 17 اکائیاں حاصل ہوتی ہیں۔
4. 17 میں '8' تفریق کیجیے
   8 اکائیاں - 17 اکائیاں = 9 اکائیاں
5. اکائی کے مقام پر '9' لکھیے۔

س	د	ا
	2	(17)
3	~~3~~	~~7~~
-	4	8
		9

مرحلہ-2: دہائی کے مقام کی تفریق

1. چونکہ 4، 2 سے بڑا ہے اس لیے تفریق ممکن نہیں ہے۔
2. سینکڑے کے مقام پر موجود 3 سینکڑوں میں سے 1 سینکڑا دہائی کے مقام میں بدل دیں۔
3. سینکڑے کے مقام کا '1' سینکڑا دہائی کے مقام پر 10 دہائیوں میں تبدیل ہو جاتا ہے۔
   اس لیے 2 دہائیاں + 10 دہائیاں = 12 دہائیاں۔
4. 12 دہائیوں میں سے 4 دہائیاں تفریق کیجیے۔
   4 دہائیاں - 12 دہائیاں = 8 دہائیاں
5. دہائی کے مقام پر '8' لکھیے۔

س	د	ا
2	(12)	(17)
~~3~~	~~3~~	~~7~~
-	4	8
	8	9

APSCERT

مرحلہ-3: سینکڑے کے مقام کی تفریق

س	د	ا
2	(12)	(17)
~~3~~	~~3~~	~~7~~
-	4	8
2	8	9

اب سینکڑے کے مقام پر '2' موجود ہے۔

1. سینکڑے کے مقام پر تفریق کرنے کے لیے کوئی عدد باقی نہیں ہے۔
2. اس لیے سینکڑے کے مقام پر '2' لکھیں۔

₹ 289 حاصل جواب ہے۔ اب دانیّا کے پاس ₹289 ہیں۔

مثال: اگر دانیا نے دوسہ کھایا جس کی قیمت ₹69 ہے تو بتائیے کہ دانیا کے پاس کتنے روپے باقی رہیں گے۔

دانیا کے پاس موجود جملہ رقم	=	₹ 3 3 7
دوسہ کے لیے ادا کی گئی رقم	=	₹ - 6 9
اب دانیا کے پاس اب باقی رقم	=	₹

یہ کیجیے

1. درج ذیل کو کیجیے۔

a) 4 2 5 (-) 3 7 = ______

b) 5 4 6 (-) 6 9 = ______

c) 6 3 5 (-) 7 7 = ______

2. راجیّا کے پاس 342 بھیڑ (Sheeps) ہیں۔ اگر وہ 65 بھیڑ فروخت کرتا ہے تو بتائیے اس کے پاس کتنے بھیڑ باقی رہیں گے؟

3۔ ہندسی عدد میں سے 3۔ ہندسی عدد کو تفریق کرنا۔
(ری گروپنگ کے ذریعے)

طبی کیمپ میں ڈاکٹر نے دانیا کا معائنہ کیا اور دوائیاں تجویز کیے۔ دوائیاں خریدنے کے لیے دانیا ایک خانگی میڈیکل شاپ گیا۔ دکاندار نے اسے دوائیوں کے لیے ₹425 ادا کرنے کو کہا۔

لیکن ان دوائیوں کو دانیا جینیرک (Generic) میڈیکل شاپ میں ₹156 کو خریدا۔ جینیرک میڈیکل شاپ کو انتخاب کرنے سے دانیا کو کتنے روپیوں کا فائدہ حاصل ہوا؟

	س	د	ا	
دوائیوں کی قیمت پرائیویٹ میڈیکل شاپ میں =	₹4	2	5	
ان دوائیوں کی قیمت جینیرک میڈیکل شاپ میں =	₹1	5	6	(-)
قیمتوں میں فرق =	₹			

425−156 کو عددی خانوں کی مدد سے حل کر سکتے ہیں۔



$$425 - 156 = 269$$

مرحلہ-1: اکائی کے مقام کی تفریق

1. 6 > 5 لہٰذا تفریق ممکن نہیں ہے۔
2. دہائی کے مقام میں موجود '2' دہائیوں سے '1' دہائی بدل لینے پر۔
3. اب اکائی کے مقام پر 1 دہائی + 5 اکائی = 10 اکائیاں + 5 اکائیاں = 15 اکائیاں۔
4. 15 اکائیوں میں سے 6 اکائیاں تفریق کریں۔
5. 15 اکائیاں - 6 اکائیاں = 9 اکائیاں۔
6. اکائی کے مقام پر 9 لکھے۔

س	د	ا
	(1)	(15)
4	~~2~~	~~5~~
- 1	5	6
		9

مرحلہ-2: دہائی کے مقام کی تفریق

1. 5<1 لہٰذا تفریق ممکن نہیں ہے۔
2. سینکڑے کے مقام پر موجود 4 سینکڑوں سے 1 سینکڑا بدل لیں۔
3. اب دہائی کے مقام پر 10 دہائی + 1 دہائی = 11 دہائیاں موجود ہیں۔
4. 11 دہائیوں میں 5 دہائیاں تفریق کیجیے۔
5. 11 دہائیاں - 5 دہائیاں = 6 دہائیاں۔
6. دہائی کے مقام پر '6' لکھے۔

س	د	ا
3	(11)	(15)
~~4~~	~~2~~	~~5~~
- 1	5	6
	6	9

مرحلہ-3: سینکڑے کے مقام کی تفریق

1. چونکہ 1<3
2. 3 سینکڑوں میں سے 1 سینکڑا تفریق کیجیے۔
3. 3 سینکڑے - 1 سینکڑا = 2 سینکڑے
4. سینکڑے کے مقام پر 2 لکھے۔

س	د	ا
3	(11)	(15)
~~4~~	~~2~~	~~5~~
- 1	5	6
2	6	9

اس طرح حاصل جواب ₹269 ہے۔

خانگی میڈیکل شاپ میں دوائیاں خریدنے کے بجائے جینیرک دواخانے میں خریدنے سے دانیا کو ₹269 کا فائدہ حاصل ہوا۔

مثال: ایک گاؤں کے شخص نے پچھلے سال غریبوں کو 125 کمبل عطیہ کیے۔ اس سال اس نے 270 کمبل تقسیم کیے۔ اس سال کمبلوں کی تعداد میں کتنا اضافہ ہوا؟

اس سال تقسیم کیے گئے کمبلوں کی تعداد =

پچھلے سال تقسیم کیے گئے کمبلوں کی تعداد =

اس سال مزید تقسیم کیے گئے کمبلوں کی تعداد =

س	د	ا

AP SCERT

مثال : نیلو نے ایک ماہ کی برقی میٹر کی ریڈنگ کو ذیل کے مطابق نوٹ کیا۔

گزشتہ ماہ کی ریڈنگ = 269 یونٹ

موجودہ ماہ کی ریڈنگ = 327 یونٹ

موجودہ ماہ میں گھر والوں نے کتنے یونٹ استعمال کی ہے؟

	3	2	7
(-)	2	6	9
		5	8

اس ماہ میں نیلو کے گھر والوں نے 58 یونٹ بجلی استعمال کیا ہے۔

یہ کیجیے

بندر کی مدد کیجیے کہ وہ کیلے حاصل کر سکے۔

1) سیڑھی پر دیئے گئے عدد میں سے 192 (تفریق) کیجیے اور اسی عدد کے ساتھ تفریق جاری رکھیے۔



(2) اگر ایک پولٹری میں 520 مرغیوں میں سے 235 مرغیاں فروخت کی گئی تو کتنی مرغیاں باقی رہیں گے؟

(3) ایک مدرسہ میں 432 طلبہ ہیں۔ جن میں سے 245 لڑکیاں ہیں تو بتائیے کہ مدرسہ میں کتنے لڑکے ہوں گے؟

(4) ایک جوڑی چپل کی قیمت 250 روپے ہے۔ اگر راجو کے پاس 195 روپے ہیں تو چپل خریدنے کے لئے اسے کتنی مزید رقم درکار ہوگی؟

اندازہ / تخمینہ کے ذریعے تفریق

ذیل کی تصویر کا مشاہدہ کیجیے اور جواب دیجیے۔ آپ کے لیے ایک مثال دی گئی ہے۔

1. 140 کا قریب ترین سینکڑا ہے۔ 100 200 300
2. 255 کا قریب ترین سینکڑا ہے۔ 100 200 300
3. 170 کا قریب ترین سینکڑا ہے۔ 100 200 300

فرق کا اندازہ لگائیے۔ سینکڑا

مثال : 375- 215 100 200 300

375' 400 کے قریب ترین ہے۔

215' 200 کے قریب ترین ہے۔

400 اور 200 کے درمیان فرق 200 ہے۔ 400 - 200 = 200

اس لیے 375- 215 کا فرق 200 کے قریب ترین ہے۔

یہ کیجیے

فرق کا اندازہ لگائیے اور قریب ترین عدد پر دائرہ لگائیے۔

a) 520 - 180	300	400	500	600
b) 685 - 210	500	600	700	400

شکنتلا دیوی (4 نومبر 1929 تا 21 اپریل 2013)

شکنتلا دیوی ایک ہندوستانی مصنف، ریاضی دان، ذہنی محاسب (Mental Calculator)، 'انسانی کمپیوٹر' **'Human Computer'** کے نام سے مشہور ہیں۔ 1982ء میں ان کی قابلیت کو گنیس بک آف ورلڈ ریکارڈز میں شمار کیا گیا۔ انہوں نے 28 سیکنڈس میں دو 13 ہندسوں والے اعداد کو ضرب دیا ہے۔

Source : Guinness World Records. (n.d.) Fastest human computation.

ریاضی کے کھیل

تفریق کا کارڈ کھیل

قسم : جوڑی(Pairs) کا کھیل

ضروری سامان : عددی کارڈز (9-0)

کھیلنے کا طریقہ :

- طلباء کو جوڑیوں میں تقسیم کریں (طالب علم-1، طالب علم-2)
- ہر جوڑی کو 0 سے 9 تک کے عددی کارڈ دیجیے۔
- ہر جوڑی کسی بھی تین کارڈ کا انتخاب کریں۔
- منتخب کردہ کارڈ سے، ایک طالب علم سب سے بڑا 3 ہندسوں والا عدد بنائے۔ اور دوسرا طالب علم سب سے چھوٹا 3 ہندوں والا عدد بنائے۔
- طلباء انفرادی طور پر بڑے عدد میں سے چھوٹا عدد کو تفریق کریں۔
- وہ اپنے دوست کے ساتھ مل کر جواب کی تصدیق کریں۔

منصوبہ کام

سلسلہ نشان	یوم	انڈوں کا اسٹاک	استعمال شدہ انڈوں کی تعداد	باقی انڈے
1	پیر			
2	منگل			
3	چہارشنبہ			
4	جمعرات			
5	جمعہ			
6	ہفتہ			

1. کس دن انڈوں کی تعداد زیادہ پائی گئی ہے؟ ______________

2. کس دن انڈوں کی کم تعداد پائی گئی ہے؟ ______________

3. ہفتہ کے 6 دن میں جملہ کتنے انڈوں کا استعمال کیا گیا ہے؟ ______________

مشق-2

.1 جوڑ لگایئے۔ آپ کے لیے ایک مثال دی گئی ہے۔

200 - 112	218
415 - 197	315
642 - 327	88
941 - 149	783
960 - 177	792

(200 - 112 → 88)

5	6	
1	9	8
	6	9

9	3
3	5

8	
4	
3	5

.2 ذیل کے خانوں کو غائب شدہ اعداد سے پُر کیجیے۔

.3 رامیا جام فروش ہے۔ اس کے پاس صبح ٹوکری میں 500 جام تھے۔ شام کو اس کے پاس 295 جام بچے تھے۔ رامیا نے کتنے جام فروخت کیے؟

.4 ایک مدرسہ میں 650 چکّیاں ہیں۔ ان میں سے دوپہر کے کھانے میں 579 چکّیاں تقسیم کی گئی۔ کتنی چکّیاں باقی رہ گئیں؟

.5 میرے پاس کچھ رقم ہے اگر تم مجھے 200 روپئے دو، تو میری رقم ₹780 ہو جائے گی بتایے کہ میرے پاس پہلے سے کتنی رقم موجود تھی؟

.6 نریش کے پاس 500 روپئے ہیں۔ وہ مندرجہ ذیل میں سے کونسی چیزیں خرید سکتا ہے؟

1۔ قمیص = ₹200   2۔ پتلون = ₹300   3۔ جوتے = ₹400   4۔ بستہ = ₹ 300

5۔ گیند = ₹ 200   6۔ پانی کا بوتل = ₹100   7۔ بیاٹ (بلّا) = ₹400

.7 درجہ ذیل 4 کارڈ کو دیکھیے۔

کارڈ- D	کارڈ- C	کارڈ- B	کارڈ- A
42	32	24	22

رادھا نے اس مجموعہ میں سے دو کارڈ منتخب کیا۔ ان دونوں کارڈ کا درمیانی فرق 20 تھا۔ وہ کون سے کارڈ تھے؟ [ ]

a) b اور a   b) c اور a   c) c اور b   d) d اور a

اپنی اکتسابی صلاحیت کو بہتر بنائیں

.1 اس عدد کو معلوم کیجیے جسے خالی خانہ میں لکھا جانا چاہیے؟ [ ]

90 - ☐ = 78

a) 1 b) 12 c) 22 d) 28

.2 ان اعداد کی مدد سے دو تفریق کے جملے لکھیے۔



a) .... b) ....

.3 سپنا ایک میلے میں سرخ اور زرد رنگ کے پھول فروخت کر رہی ہے۔ اس کے پاس کل 278 پھول ہیں۔

.i اگر 45 زرد رنگ کے پھول ہیں تب سرخ پھول کتنے ہیں؟

.ii دن کے اختتام پر سپنا کے پاس 129 پھول باقی بچے ہوئے تھے۔ بتایئے کہ اس نے کتنے پھول فروخت کئے۔

.4 ذیل میں دیئے گئے 4 کارڈس کا مشاہدہ کیجیے۔ [ ]

کارڈ- D	کارڈ- C	کارڈ- B	کارڈ- A
42	32	24	22

رادھا نے سیٹ میں سے دو کارڈس اٹھائے۔ ان دونوں کارڈس کے درمیان فرق 20 تھا۔ اس نے کونسے کارڈس اٹھائے۔

a) A اور B b) A اور C c) B اور C d) A اور D

.5 اگر ایک امرود فروش کچھ پھلوں سے کاروبار شروع کیا اور 149 فروخت کئے۔ اس کے پاس 251 پھل باقی بچے، تب وہ دعویٰ کرتا ہے کہ اس نے 400 سے شروع کیا تھا۔ تفریق کا استعمال کرتے ہوئے اس کی تصدیق کیجیے۔

.6 چند اعداد 195 ,175 ,155 ,132 ,112 کا استعمال کرتے ہوئے تین مختلف جوڑ بنایئے جن کا فرق 20 ہو۔
پھر ایک ایسا جوڑا بنایئے جس کا فرق ٹھیک 43 ہو۔

APSCERT

باب 4

ضرب
(Multiplication)

D6V5N6

طلباء اس قابل ہوں گے کہ

1. 2 ہندسی عدد کو ایک ہندسی عدد سے ضرب دینا سیکھیں گے۔(C.G.1)
2. 2 ہندسی عدد کو دو ہندسی عدد سے ضرب دینا سیکھیں گے۔(C.G.1)
3. 3 ہندسی عدد کو ایک ہندسی عدد سے ضرب دینا سیکھیں گے۔(C.G.1, 2)
4. 6 تا 9 تک کے پہاڑے تشکیل دے سکیں گے۔(C.G.1)

مندرجہ بالا تصویر کو غور سے دیکھو اور درج ذیل سوالات کے جواب دیجیے

1. دکان میں کتنے سیب ہیں؟ ____________________

سیبوں کی کتنی قطاریں ہیں؟ ____________________

ہر قطار میں کتنے سیب ہیں؟ ____________________

سیبوں کی جملہ تعداد؟ ____________________

2. سیب کی قیمت آم کی قیمت سے کتنی گنا ہے؟
3. اگر آپ دکان سے دو درجن موز خریدنا چاہتے ہیں تو آپ کو پھل فروش کو کتنی رقم ادا کرنی چاہیے؟
4. 3 کلو آم اور 1 کلو سیب خریدنے کے لئے آپ پھل فروش کو کتنی رقم ادا کرنی چاہیے؟

APSCERT

ریاضی کا کھیل

- 1 تا 10 تک کے عددی کارڈس موجود ہیں۔ پانچ بند لفافے ہیں۔
- کوئی دو ایسے کارڈس لیجئے جن کا حاصل ضرب لفافے پر لکھے ہوئے عدد کے مساوی ہونا چاہیئے۔
- مثال کے طور پر پانچویں لفافے میں 5 اور 9 کے کارڈس ہیں۔ لفافے پر 5x9=45 لکھا ہے۔

1	2	3	4	5
6	7	8	9	10

ہر لفافے کے اندر موجود عددی کارڈس کی شناخت کیجیے۔

انجلی اور پون ضرب کے پہاڑوں کے ساتھ کھیل رہے ہیں۔

پون: 8 کو 7 سے ضرب دیں تو کیا ہو گا'

انجلی: 56

انجلی: 13 کو 6 سے ضرب دیں تو کیا ہو گا؟

پون: مجھے نہیں معلوم۔ میں صرف 10 تک کے پہاڑے جانتا ہوں۔

انجلی: تم یہ سوال 13 کا پہاڑا جانے بغیر بھی حل کر سکتے ہو۔

بس 13 کو 3+10 میں تقسیم کر لو۔

پھر ان دونوں اعداد کو 6 سے ضرب دو اور حاصلِ ضرب کو آپس میں جمع کر دو۔ آؤ میں تمہیں کاپی میں یہ حل کر کے دکھاتی ہوں۔

AP SCERT

13×6
$13 = 10 + 3$
لہذا $13 \times 6 = 10 \times 6 + 3 \times 6$
$= 60 + 18$
$= 78$

پوَن: ارے واہ یہ تو بہت آسان ہے! اب میں 13 کو 5 + 8 کے طور پر بھی تقسیم کرسکتے ہیں

13×6
$13 = 8 + 5$
لہذا $13 \times 6 = 8 \times 6 + 5 \times 6$
$= 48 + 30$
$= 78$

انجلی: کسی عدد کو چھوٹے عدد سے تقسیم کرکے ضرب دینا ضرب کو آسان بنادیتا ہے۔

آیئے! اب ہم عملِ ضرب کی مشق کریں گے

یہ کیجیے

مندرجہ ذیل حل کیجیے۔

c)

د	ا
1	3
x	4

b)

د	ا
1	2
x	5

a)

د	ا
1	4
x	3

13 x 6 = 78

13	6	78
مضروب	ضارب	حاصلِ ضرب

42 = 21 x 2 کے ضرب میں

مضروب کون ہے؟ جواب:____________

ضارب کون ہے؟ جواب:____________

حاصلِ ضرب کون ہے؟ جواب:____________

AP SCERT

2. کارتِک کے پاس 4 پیکٹ ہیں۔ اور ہر پیکٹ میں 24 پٹاخے ہیں۔ تو بتایئے تمام پیکٹ میں جملہ کتنے پٹاخے ہوں گے ؟

ہر پیکٹ میں پٹاخوں کی تعداد = 24

پیکٹ کی تعداد =

جملہ پٹاخوں کی تعداد = 24 x______ = ______

3. ایک تھیلی میں 12 کیلے ہیں۔ بتایئے کی 5 تھیلیوں میں کتنے کیلے ہوں گے ؟

ہر تھیلی میں کیلوں کی تعداد = ________

تھیلیوں کی تعداد = 5

کیلوں کی جملہ تعداد = ______ x5

= __________

عملِ ضرب کے دیگر طریقے

ایک باغ میں ہر صف / قطار میں 47 نیم کے درخت ہیں۔ تو بتایے کہ 3 صفوں میں نیم کے درخت کی جملہ تعداد کیا ہو گی ؟

روجابائی نے اس مسئلہ کو اس طرح حل کیا

س	د	ا
	4	7
	x	3
1	4	1

پدماجا نے بتایا کہ اس مسئلہ کو توسیعی شکل سے بھی حل کیا جاسکتا ہے۔

$$47 \times 3 = (40 + 7) \times 3$$
$$= (40 \times 3) + (7 \times 3)$$
$$= 120 + 21$$
$$= 141$$

مثال: ایک بستہ میں 32 ناریل ہیں۔ بتایئے کہ اسی طرح کے 4 بستوں میں کتنے ناریل ہوں گے ؟

حل: ایک بستہ میں ناریل کی تعداد = 32

بستوں کی تعداد =

تمام بستوں میں جملہ ناریل کی تعداد = _________x_________

=

یہ کیجیے

1. درج ذیل کو حل کیجیے

a) 86 x 2 = ______   c) 64 x 3 = ______

b) 45 x 5 = ______   d) 58 x 4 = ______

2. ایک باکس میں 50 کتابیں ہیں۔ اگر اسی طرح کے 4 باکس ہوں تو بتایئے کہ کتابوں کی جملہ تعداد کیا ہوگی؟

باکسوں کی تعداد =

باکسوں میں کتابوں کی تعداد =

جملہ کتابوں کی تعداد =

3. اگر ایک قلم کی قیمت 4 روپے ہو تو بتایئے کہ 32 قلموں کی قیمت کیا ہوگی؟

ریاضی کے تجرباتی مشاغل

رام بابو پہاڑے لکھنے کے لیے نئے طریقے کی کوشش کر رہا ہے۔ کیا آپ کو اس میں **مسلسل جمع** نظر آ رہی ہے؟

رام بابو کے پاس کچھ کاڑیاں تھیں۔ اس نے انہیں اس طرح ترتیب دیا۔
اس نے ان سیاہ نقطوں کی گنتی جو ان جگہوں کو ظاہر کرتے ہیں جہاں کاڑیاں آپس میں ملتی ہیں۔



آیئے کاڑیوں کی مدد سے 5 کا پہاڑا بنائیں

1 مرتبہ 5 = 5

2 مرتبہ 5 = 10



3 مرتبہ 5 = 15

1 x 5 = 5
2 x 5 = 10
3 x 5 = 15
4 x 5 =
5 x 5 =
6 x 5 =
7 x 5 =
8 x 5 =
9 x 5 =
10 x 5 =

کاڑیوں کی مدد سے 5 کا پہاڑا مکمل کریں۔

اوپر دکھائے گئے طریقے سے کاڑیوں کا استعمال کرتے ہوئے 6 سے 10 تک کے پہاڑے بنائیں۔

پہاڑوں کی تشکیل / بناوٹ(Formation of Table)

طریقہ1: 6 کے پہاڑے کی تشکیل کے لیے 5 کے پہارے اور 1 کے پہاڑے کو جمع کیجیے۔

5 کا پہاڑا	5	10	15	20	25	30	35	40	45	50
1 کا پہاڑا1	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
6 کا پہاڑا1	6	12	18	24	30	36	42	48	54	60

6 x 1 کو ایک دفعہ 6 پڑھتے ہیں یعنی 6 = 6 x 1

ہم کہہ سکتے ہیں کہ 6 = 6 x 1 = 1 x 6

6 x 2 کو دو دفعہ 6 پڑھتے ہیں یعنی 12 = 6 x 2

ہم کہہ سکتے ہیں کہ 12 = 6 x 2 = 2 x 6

6 x 3 کو یوں پڑھتے ہیں۔ ____________

ہم کہہ سکتے ہیں ____________ = 6 x 3 = 3 x 6

جب ہم کسی دو اعداد کو ضرب دیتے ہیں تو ضرب دینے کی ترتیب کوئی معنی نہیں رکھتی۔ دونوں صورتوں میں حاصل ضرب مساوی ہوتا ہے۔

9 کے پہاڑے کی تشکیل کے لیے 6 کے پہاڑے اور 3 کے پہاڑے کو جمع کیجیے۔

6 کا پہاڑا	6	12		24		36		48	54	60
3 کا پہاڑا	3	6	9		15		21		27	30
9 کا پہاڑا	9	18								90

طریقہ 2 : پتوں کی گنتی کے ذریعے 9 کا پہاڑا تیار کرنا۔

9 x1= 9	1 x9= 9	
9 x2= 18	2 x9= 18	
9 x3= 27	3 x9= 27	
9 x4= 36	4 x9= 36	
9 x5= 45	5 x9= 45	
9 x6= 54	6 x9= 54	
9 x7= 63	7 x9= 63	
9 x8= 72	8 x9= 72	
9 x9= 81	9 x9= 81	
9 x10= 90	10 x9= 90	

نمونے کا مشاہدہ کیجیے

9 x1= 9	(0 +9= 9)
9 x2= 18	(1 +8= 9)
9 x3= 27	(2 +7= 9)
9 x4= 36	(3 +6= 9)
9 x5= 45	(4 +5= 9)
9 x6= 54	(__ + __ = __)
9 x7= 63	(__ + __ = __)
9 x8= 72	(__ + __ = __)
9 x9= 81	(__ + __ = __)
9 x10= 90	

حسب ذیل کا مشاہدہ کیجیے اور اپنے الفاظ میں اظہار کیجیے۔

(1) 5 x 9 = 45 ، 9 x 5 = 45 لہٰذا 5 x 9 = 9 x 5 = 45

(2) 4 x 30 = 120 ، 30 x 4 = 120 لہٰذا 4 x 30 = 30 x 4 = 120

یہ کیجیے

1. 5 کا پہاڑا اور 2 کا پہاڑا استعمال کرتے ہوئے 7 کا پہاڑا تیار کیجیے۔
2. • 7 کا پہاڑا اور 2 کا پہاڑا استعمال کرتے ہوئے 9 کا پہاڑا تیار کیجیے۔
3. آپ کی پسند کے کوئی دو مناسب پہاڑوں کو استعمال کرتے ہوئے 8 کا پہاڑا تیار کیجیے۔

دہائیوں سے ضرب دینا

ایک پنسل کے پیکٹ میں 10 پنسل پائے جاتے ہیں۔



(a) 2 پیکٹ میں کتنے پنسل ہوں گے؟ 2 x 10 = 20

(b) 3 پیکٹ میں کتنے پنسل ہوں گے؟ 3 x 10 = 30

(c) 4 پیکٹ میں کتنے پنسل ہوں گے؟ 4 x 10 = 40

(d) 8 پیکٹ میں کتنے پنسل ہوں گے؟ ________

(e) 10 پیکٹ میں کتنے پنسل ہوں گے؟ ________

(f) 14 پیکٹ میں کتنے پنسل ہوں گے؟ ________

(g) 26 پیکٹ میں کتنے پنسل ہوں گے؟ ________

(h) 57 پیکٹ میں کتنے پنسل ہوں گے؟ ________

جب ہم کسی عدد کو 10 سے ضرب دیتے ہیں تو حاصل ضرب اس عدد کے پس رو میں صفر رکھنے سے حاصل ہوتا ہے۔

یہ کیجیے

1. 34 x 10 = 340
2. 80 x 10 = 800
3. 48 x 10 = ______
4. 85 x 10 = ______
5. 10 x 90 = ______

10 x 34 = 340

10 x 80 = ______

______ x 10 = ______

______ x ______ = ______

______ x ______ = ______

دئے گئے نمونہ کا مشاہدہ کرتے ہوئے خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔

2 x 20 = 40	2 x 30 = 60	2 x 40 = 80
3 x 20 = 60	3 x 30 = 90	3 x 40 = 120
4 x 20 = 80	4 x 30 = 120	4 x 40 = 160
5 x 20 = 100	5 x 30 = 150	5 x 40 = 200
6 x 20 = ___	6 x 30 = ___	6 x 40 = ___
7 x 20 = ___	7 x 30 = ___	7 x 40 = ___
8 x 20 = ___	8 x 30 = ___	8 x 40 = ___
9 x 20 = ___	9 x 30 = ___	9 x 40 = ___
10 x 20 = ___	10 x 30 = ___	10 x 40 = ___
11 x 20 = ___	11 x 30 = ___	11 x 40 = ___
12 x 20 = ___	12 x 30 = ___	12 x 40 = ___

مشق-1

1. ذیل کے ضرب میں مضروب، ضارب اور حاصل ضرب میں لکھیے؟

(a) 72 x 4 = 288 :ضارب= ________ مضروب= ________ حاصل ضرب = ________

(b) 5 x 100 = 500 :ضارب= ________ مضروب= ________ حاصل ضرب = ________

(c) 84 x 1 = 84 :ضارب= ________ مضروب= ________ حاصل ضرب = ________

(d) 24 x 24 = 576 :ضارب= ________ مضروب= ________ حاصل ضرب = ________

2. حاصل ضرب معلوم کیجیے۔

(a) 75x2=________ (b) 95x4=________ (c) 70x8=________

(d) 93x9=________ (e) 64x8=________ (f) 96x10=________

(g) 20x10=________ (h) 75x10=________ (i) 55x10=________

3. (a) 2 اور 3 کے پہاڑوں کو استعمال کرتے ہوئے 5 کا پہاڑا تیار کیجیے۔

(b) 4 اور 6 کے پہاڑوں کو استعمال کرتے ہوئے 10 کا پہاڑا تیار کیجیے۔

(c) 5 اور 4 کے پہاڑوں کو استعمال کرتے ہوئے 9 کا پہاڑا تیار کیجیے۔

4. ذیل کو حل کیجیے۔

(a) ایک پنسل کی قیمت ₹6 ہے بتائیے کہ اسی طرح 72 پنسلوں کی قیمت کیا ہوگی؟

(b) ایک باغ میں آم کے درختوں کی 10 صفیں ہیں۔ اگر ہر صف میں 25 آم کے درخت ہوں تو بتائیے کہ باغ میں جملہ کتنے آم کے درخت ہوں گے؟

5. راجیش نے ایک دکان سے سنترے کے 5 تھیلے خریدے۔ ہر تھیلے میں 9 سنترے ہیں۔ اس سلسلہ کو حل کرنے کے لئے کون سا ریاضیاتی جملہ استعمال کیا جاسکتا ہے؟

(a 2 x 9 = 18 یا 9 + 9=18

(b 5 x 5 = 25 یا 5 + 5 + 5 + 5 + 5=18

(c 5 x 9 = 45 یا 9 + 9 + 9+ 9 + 9= 45

(d 9 x 9 = 81 یا 9 + 9 + 9 + 9 + 9 + 9 + 9 + 9 + 9= 45

APSCERT

2۔ ہندسی عدد کو 2۔ ہندسی عدد سے ضرب دینا (ری گروپنگ کے ذریعے)



تمام اینٹوں کی تعداد کتنی ہے؟

ہاریکا نے حسب ذیل طریقے سے حل کیا

مرحلہ-1: سب سے پہلے اعداد کو کالم کی شکل میں لکھے۔

'3' اکائیوں کو عدد '8' سے ضرب دیجیے۔

3 x 8 اکائیاں = 24 اکائیاں حاصل ہوتی ہیں۔

24 اکائیاں = 4 اکائیاں + 2 دہائیاں

اکائی کے مقام کے کالم میں 4 اکائیوں کو لکھے۔

2 کو دہائی کے مقام کے کالم میں آگے لے جائیں۔

ہ	س	د	ا
		(2)	
		7	3
x		4	8
			4

مرحلہ-2: 7 دہائیوں کو '8' سے ضرب دیجیے۔

7 x 8 دہائیاں = 56 دہائیاں

2 دہائیاں + 56 دہائیاں = 58 دہائیاں

5 = سینکڑے + 8 دہائیاں

دہائی کے مقام پر 8 اور سینکڑے کے مقام پر 5 لکھے۔

ہ	س	د	ا
		(2)	
		7	3
x		4	8
	5	8	4

AP SCERT

مرحلہ-3: 4 x 3 دہائیاں = 12 دہائیاں = 120

120 = 1 سینکڑا + 2 دہائیاں + 0 اکائیاں

اکائی کے مقام پر '0' اور دہائی کے مقام پر '2' لکھیے۔

سینکڑے کے مقام پر '1' آگے لے جائیں۔(Carryover)

ہ	س	د	ا
		(2)	
		7	3
	x	4	8
	5	8	4
		2	0

مرحلہ-4: 4 دہائیوں کو 7 دہائیوں سے ضرب دیجیے۔

4 دہائیاں x 7 دہائیاں = 40 x 70 = 2800 = 28 سینکڑے

28 سینکڑے میں 1 سینکڑا (آگے لے جایا گا) جمع کیجیے = 29 سینکڑے

29 سینکڑے = 2900 = 2 ہزار + 9 سینکڑے

سینکڑے کے مقام پر '9' اور ہزار کے مقام پر '2' لکھیے۔

تب 584 کو 2920 میں جمع کیجیے۔

584 + 2920 = 3504

لہٰذا جملہ 3504 اینٹیں پائی جاتی ہیں۔

ہ	س	د	ا
	(1)	(2)	
		7	3
	x	4	8
	5	8	4
2	9	2	0
3	5	0	4

مثال :

ریل کے ایک ڈبے میں 72 افراد سفر کرسکتے ہیں تو بتائیے کہ اسی طرح کے 23 ڈبوں میں کتنے افراد سفر کرسکتے ہیں؟

ہ	س	د	ا
		7	2
	x	2	3
	2	1	6
1	4	4	0
1	6	5	6

ریل کے ایک ڈبے میں سفر کرنے والے افراد کی تعداد = 72

ریل کے ڈبوں کی تعداد = 23

ریل کے ڈبوں میں سفر کرنے والے جملہ افراد کی تعداد = ________ x ________ = __________

APSCERT

یہ کیجیے

1. مندرجہ ذیل کو حل کیجیے۔

(a

ہ	س	د	ا
		7	1
	x	2	4

(b

ہ	س	د	ا
		4	5
	x	3	8

(c

ہ	س	د	ا
		9	5
	x	4	2

2. ایک بس میں 148 افراد سفر کرسکتے ہیں۔ بتایئے کہ اسی طرح کے 26 بسوں میں کتنے افراد سفر کرسکتے ہیں؟

3. ایک کتب خانہ میں 48 الماریاں ہیں اور ہر الماری میں 63 کتابیں موجود ہیں۔ تو بتایئے کہ کتب خانہ میں جملہ کتنی کتابیں موجود ہیں؟

3 ہندسی عدد کو 1 ہندسی عدد سے ضرب کرنا

طریقہ-:1 132 کو 3 سے ضرب دیجیے

مرحلہ-1 : دیے گئے اعداد کو کالم کی شکل میں لکھیے۔

2 اکائیوں کو 3 سے ضرب دیجیے۔

3 x 2 اکائیاں = 6 اکائیاں۔ اکائی کے کالم میں عدد '6' لکھیے۔

س	د	ا
1	3	2
	x	3
		6

مرحلہ-2: دہائیوں کو 3 سے ضرب دیجیے۔

3 x 3 دہائیاں = 9 دہائیاں۔ دہائی کے کالم میں عدد '9' لکھیے۔

س	د	ا
1	3	2
x		3
	9	6

مرحلہ-:3 1 سینکڑے کو 3 سے ضرب دیجیے۔

3 x 1 سینکڑا = 3 سینکڑے

سینکڑے کے کالم میں 3 لکھیے۔

س	د	ا
1	3	2
x		3
3	9	6

لہٰذا 132 x 3 = 396

AP SCERT

طریقہ-2:

مثال1: 243x2

200	+	30	+	4	
200 x 2 =400		30x2 =60		4x2 =8	x 2

$\therefore$ 234 x 2 = 400 + 60 + 8 = 468

طریقہ-3:

234 x 2 = (200 + 30 + 4) x 2

= (200 x2) + (30 x 2) + (40 x 2)

= 400 + 60 +8

= 468

مثال-2: ایک ٹوکری میں 120 آم ہیں بتایئے کہ اسی طرح کے 4 ٹوکریوں میں کتنے آم ہوں گے ؟

ایک ٹوکری میں آموں کی تعداد = 120

ٹوکریوں کی تعداد = 4

جملہ آم کی تعداد = 120 x 4 = 480

یہ کیجیے

1. حسبِ ذیل کو حل کیجیے۔

(a

س	د	ا
1	2	2
	x	4

(b

س	د	ا
1	4	0
	x	2

(c

س	د	ا
2	2	1
	x	3

(d

س	د	ا
1	1	1
	x	9

2. ایک کتاب میں 130 صفحات پائے جاتے ہیں۔ تو بتایئے کہ ایسی 3 کتابوں میں جملہ کتنے صفحات ہوں گے ؟

3. کتابوں کے ایک بستہ کی قیمت ₹300 ہے اسی طرح کے 2 بستے خریدنے کے لیے کتنی رقم ادا کرنی ہو گی ؟

4. ایک باکس میں 142 گیند موجود ہیں تو بتایئے کہ 2 باکسوں میں جملہ کتنی گیند پائے جاتے ہیں ؟

AP SCERT

اندازہ لگائیے

استاد نے پدمجا سے پوچھا کہ آپ کے گاؤں میں تقریباً کتنے لوگ رہتے ہیں؟

میرے گاؤں میں 40 خاندان ہیں۔ کچھ خاندان میں
3 یا اس سے کم افراد ہیں اور کچھ خاندان میں 4 سے 5 افراد ہیں۔
یہ فرض کرتی ہوں کہ ہر خاندان میں 4 افراد ہیں۔

اس طرح 160 = 4 x 40 یعنی میرے گاؤں میں تقریباً 160 لوگ رہتے ہیں۔

کیا تم اپنے گاؤں میں رہنے والے لوگوں کی تعداد کا اندازہ لگا سکتے ہو؟

استاد نے تختہ سیاہ پر یہ سوال لکھا اور بچوں سے کہا کہ درست جواب کے قریب ترین جواب کو منتخب کریں۔

ایک نوٹ بک کی قیمت 9 روپے ہے۔ ایسی 22 نوٹ بکس کی قیمت کتنی ہوگی؟ اندازہ لگائیں!

₹220 ₹250 ₹280 ₹300

9 کے مقابلے میں 10 کے ساتھ ضرب دینا
زیادہ آسان ہے۔ ہم تیزی سے ضرب کر سکتے ہیں۔
22 x10 = 200

اس پر پدمجا نے درست طور پر 220 پر نشان لگایا۔

یہ کیجیے

کیا آپ حاصل ضرب کا قریب ترین عدد کا تعین کر سکتے ہیں؟

(1) ہر ٹوکری میں 26 آم ہیں۔ ایسی 19 ٹوکریوں میں کتنے آم ہوں گے؟

460   480   500

(2) ہر فلم ٹکٹ کی قیمت 25 روپے ہے۔ اگر ایک جماعت کے 28 طلباء فلم دیکھنے جائیں تو ٹکٹوں کے لیے انہیں کتنے روپے دینے ہوں گے؟

₹800   ₹750   ₹900

APSCERT